سوال

(947) میکے اور سسرال میں عورت کا نماز قصر پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت کے میکے اور سسرال الگ الگ شہروں میں ہیں، جب کہ اس کی اپنی رہائش خاوند کے ہمراہ کسی اور شہر میں ہے۔ ان تینوں شہروں میں کس کس شہر میں یہ عورت قصر اور دیگر سفری رخصتوں کی مستحق ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت اپنے خاوند کے ساتھ جس جگہ رہائش پذیر ہے وہاں یقینا قصر نہیں کرے گی، اس لیے کہ وہ مقیم ہے۔ البتہ میکے اور سسرال کے ہاں جہاں عورت کا حق ملکیت موجود ہو، احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ وہاں بھی قصر نہ کرے۔ بصورتِ دیگر جواز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :783

محدث فتویٰ